0140 **(A)**

Total No. of Questions– 5

Total No. of Printed Pages– 3 Regd. No.

Part III

URDU, Paper - I

(Modern Language)

Time : 3 Hours] ***[Max. Marks : 100***

.1 ذیل میں دئے گئے اقتباسات میں سے کوئی چار کی بحوالہء متن تشریح کیجئے : 4×5=20

(1) ''۔۔۔۔۔امیر خسرو کو ہندی والے اپنا کوی سمجھتے ہیں۔ اُردو والے اپنا شاعر۔۔۔۔۔''

(2) ''۔۔۔۔۔ جامعہ عثمانیہ کا قیام آصف جاہ سابع کے دور کا ایک بے مثال کارنامہ ہے۔۔۔۔''

(3) ''۔۔۔۔۔وہ ایک اعلیٰ درجہ کا سپاہی۔ ایک دور اندیش منتظم ملکی اور ایک بڑا سردار تھا۔''

(4) ''امّی آپ میرے لئے دلہن مت ڈھونڈیئے۔ میری دلہن گھر ہی میں ہے۔۔۔''

(5) ''اُسے اب یقین کامل ہوگیا تھا کہ وہ انسان نہ تھا۔ بلکہ کوئی دیوتا تھا۔۔۔''

(6) ''۔۔۔۔۔دوستوں کے آڑے وقت کام آنے کو وہ ایک عبادت سمجھتے ہیں اور اس عبادت میں خلل اسی وقت پڑتا ہے جب اُن کی جیب خالی ہو۔۔۔۔۔''

(7) ''۔۔۔۔۔عمارتی ٹھیکے دار اگر ادب کا بھی ٹھیکے دار بن جائے تو یہ ادب کی توہین ہے۔۔۔۔۔۔''

(8) ''۔۔۔۔۔حکومتیں بھی اِسی زرین قول کو اپنے لئے مشعلِ راہ بنا سکتی ہیں۔۔۔۔''

.2 ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : 1×20=20

(1) ''اُردو زبان کا ابتدائی دور''

(2) ''جامعہ عثمانیہ''

(3) ''بے غرض محسن''

.3 ذیل میں سے کوئی چار اشعار کی تشریح کیجئے : 4×5=20

(1) بتخانہ نین تیرے ہور بُت نین کیاں پتلیاں
مج نین میں پوجاری پوجا ادھاں ہمارا

(2) یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا

(3) وحدت میں تیری حُرف دوئی کا نہ آسکے
آئینہ کیا مجال تجھے مُنہ دکھا سکے

(4) نجیبوں کا عجب کچھ حال ہے اس دور میں یارو
جہاں پوچھو۔یہی کہتے ہیں ہم بیکار بیٹھے ہیں

(5) یہ چرچے یہ صحبت یہ عالم کہاں
خدا جانے کل تم کہاں ہم کہاں

(6) منزل ملی مراد ملی مدعا ملا
سب کچھ مجھے ملا جو ترا نقشِ پا ملا

(7) میں کبھی تجھ سے بدگماں نہ ہوا
تو کبھی مجھ سے آشنا نہ رہا

(8) لے کے پہنچا اضطرابِ دل کہاں
میں کہاں اور آپ کی محفل کہاں

4. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : 1×20=20

(1) ''پیسہ''

(2) ''انسان کا ترانہ''

(3) ''حیدرآباد''

5. (الف) نصاب میں شامل امجد حیدرآبادی کی کسی ایک رباعی کا خلاصہ لکھیے۔ 1×10=10

یا

علامہ اقبال کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

(ب) داستان کسے کہتے ہیں؟ مختصراً لکھیے۔ 1×10=10

یا

خاکہ نگاری پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔